© rasailojaraid.com



# محمدؐ کی سیرت کا پیغامبر

(رئیس الاحرار) حضرت سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے عارضی سکوت پر

اخوت کے پرچم اڑاتا ہوا — محبت کے خطبے سناتا ہوا
گرجتا ہوا دندناتا ہوا — مگر دمبدم مسکراتا ہوا
صداقت کے چہرے سے بیساختہ — توہم کے پردے اٹھاتا ہوا
خدا کی محبت کے عرفان سے — چمکتا ہوا، جگمگاتا ہوا
مخالف ہواؤں کی یلغار پر — عزائم کے خنجر چلاتا ہوا
ضمیر منور کی تلوار سے — رگیں شرک کی کاٹ جاتا ہوا
محمد کی سیرت کا پیغام بر — خدا کے سندیسے سناتا ہوا
جوانوں کا عاشق سپاہی کی ہتھ — حمیت کے جوہر دکھاتا ہوا
بڑی منزلیں کر کے طے علم کی — بڑی دیر چلتا چلاتا ہوا
نہایت اہم سوچ میں کھو گیا — گھڑی دو گھڑی کے لئے سو گیا
اگرچہ وہ مصروف ہے خواب میں — حسیں ولولے اس کے بیدار ہیں
صبا اس کے اخلاق کا گیت ہے — ریاض و چمن اس کے اطوار ہیں
ہیں لوحِ ابد پر جو لکھے ہوئے — وہ اس کی ریاضت کے اشعار ہیں

بقاء اس کی مرغوب پوشاک ہے
جدا اسکی تحقیق ادراک ہے

سید عبدالحمید عدم



© rasailojaraid.com